| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ________ | سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ<br>کنزالمدارس بورڈ پاکستان | KANZUL MADARIS BOARD |
| دستخط طالب علم: ________ | درجہ: عالیہ سال دوم — پرچہ: تیسرا — مضمون: العقیدۃ<br>تاریخ: 14-02-2024 — دن: بدھ — کل وقت: 30 منٹ — کل نمبر: 25<br>مرکز امتحان: ________ دستخط نگران مرکز امتحان: ________ دستخط ممتحن: ________ | |

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: قاعدہ ثالثہ میں بیان ہے۔

(الف) اخبار ملائکہ کا (ب) الٰہیات کا (ج) دار آخرت کا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: کتنا تعجب ہے انسان کا مختلف درجات سے گزر کر ایک بے وقعت ۔۔۔ سے پیدا ہونا۔

(الف) آگ (ب) مٹی (ج) پانی (د) جسم

سوال نمبر 3: "ماالدلیل علی ان الصنائع تفتقر الی صانع ولا تصنع ھی انفسھا" کا جواب ۔۔۔ وجہ پر ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 4: عاقل قادر نہیں ہے۔

(الف) لکھنے پر (ب) پڑھنے پر (ج) آدمی کو پانی سے پیدا کرنے پر (د) بولنے پر

سوال نمبر 5: وجود باری تعالیٰ پر دلائل کے اعتبار سے مسلک ثانی کا تعلق ہے۔

(الف) اخبار انبیاء سے استدلال (ب) اخبار صحابہ سے استدلال (ج) احادیث سے استدلال (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: فطرۃ سلیمہ اللہ تعالیٰ کے وجود پر شاہد ہے، یہ مسلک ہے۔

(الف) مسلک اول (ب) مسلک ثانی (ج) مسلک ثالث (د) مسلک رابع

سوال نمبر 7: فعل واحد صادر نہیں ہوتا۔

(الف) فاعل سے (ب) فاعلین سے (ج) فاعلۃ سے (د) فاعلون سے

سوال نمبر 8: حرکت و سکون نہیں ہوتی۔

(الف) جدا (ب) جمع (ج) موجود (د) لا موجود

سوال نمبر 9: حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے معجزات ۔۔۔ پر دلالت کرتے ہیں۔

(الف) دین (ب) اسلام (ج) توحید (د) نبوت و رسالت

سوال نمبر 10: "لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ثالث ثلثۃ" یہ آیت نفی کرتی ہے۔

(الف) غیر خدا کی (ب) غیر رسول کی (ج) عقیدہ تثلیث کی (د) غیر ایمان کی

سوال نمبر 11: ۔۔۔ وجوہ سے اللہ کا مسیح ابن مریم ہونا باطل ہے۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر 12: عیسیٰ علیہ السلام کا عبداللہ ہونا موجود ہے۔

(الف) تورات میں (ب) زبور میں (ج) انجیل میں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13: بت پرستوں کے دین کے بطلان میں دی گئی "وجوہ" کی تعداد ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر14: علم اللہ تعالیٰ کی صفات۔۔۔ میں سے ہے۔

(الف) فعلیہ (ب) ذاتیہ (ج) قدیمیہ (د) ب اور ج

سوال نمبر15: "ابداع" کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) بدعتی کہنا (ب) جدت پسندی (ج) عدم سے وجود میں لانا (د) ضرورت پوری ہونا

سوال نمبر16: تزریق اللہ تعالیٰ کی صفات۔۔۔ میں سے ہے۔

(الف) فعلیہ (ب) ازلیہ (ج) حقیقیہ (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر17: قرآن قلوب میں۔۔۔ ہے۔

(الف) منقوش (ب) محفوظ (ج) منقول (د) مقروء

سوال نمبر18: اللہ کا غضب اور اس کی رضا اس کی صفات۔۔۔ میں سے ہے۔

(الف) فعلیہ (ب) ذاتیہ (ج) بلا کیف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: اشیاء کی تخلیق سے پہلے انہیں۔۔۔ جانتا ہے/جانتے ہیں۔

(الف) حضرت آدم (علیہ السلام) (ب) حضرت محمد (ﷺ) (ج) اللہ تعالیٰ (د) فرشتے

سوال نمبر20: بندوں کا کفر۔۔۔ کے سبب ہوتا ہے۔

(الف) اپنے فعل (ب) کسی دوسرے کے فعل (ج) اللہ کی مشیئت (د) فرشتوں کی مشیئت

سوال نمبر21: "جحودہ الحق بخذلان اللہ تعالیٰ ایاہ" میں "خذلان" کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) بچھڑ جانا (ب) بغیر توفیق ومدد کے چھوڑنا (ج) بے نقاب (د) پسپا ہونا

سوال نمبر22: اللہ پاک کی صفت سمع کا تعلق صفات۔۔۔ سے ہے۔

(الف) صفات ذاتی (ب) صفات فعلیہ (ج) صفت ازلیہ (د) الف اور ج

سوال نمبر23: اللہ تعالیٰ کا فعل۔۔۔ ہے۔

(الف) حادث (ب) مخلوق (ج) غیر مخلوق (د) ممکن

سوال نمبر24: اصول توحید کہ جن پر اعتقاد صحیح ہے۔۔۔ ہیں۔

(الف) 5 (ب) 7 (ج) 9 (د) 10

سوال نمبر25: تخلیق وانشاء وغیرہ اللہ تعالیٰ کی صفات۔۔۔ میں سے ہیں۔

(الف) فعلیہ (ب) سلبیہ (ج) معانیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | **سالانہ امتحان2024ء/1445ھ** | | | رول نمبر: ____________ |
| | **کنزالمدارس بورڈ پاکستان** | | | |
| KANZUL MADARIS BOARD | درجہ: **عالیہ سال دوم** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **العقیدۃ** | جوابی کاپی نمبر: ____________ |
| | تاریخ: **14-02-2024** | دن: **بدھ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75** |

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: صاحب نور مبین نے عالم میں انسان سے بڑے کن موجودات کا ذکر فرمایا؟

سوال نمبر2: " اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَیْرِ شَیْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ" اللہ تعالیٰ نے کس چیز کے بطلان پر یہ ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر3: اللہ تعالیٰ کے وجود پر فطرت سلیمہ کا شاہد ہونا، اس پر صاحب کتاب نے کیا فرمایا؟ مختصر بیان کیجئے۔

سوال نمبر4: عیسائیوں کے قول (اِنَّ عیسی وَلَدُاللہ) کے بطلان پر کوئی ایک وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر5: "فی قولهم ان الخیر من النور و الشر من الظلمة" اس میں "هم" ضمیر سے کون مراد ہیں؟

سوال نمبر6: "علی العرش استوی" آیت کے ظاہراً تشبیہ کے حوالے سے صاحب کتاب نے کیا فرمایا؟

سوال نمبر7: یہود نے نبی کریم ﷺ کی نبوت کا انکار کس وجہ سے کیا؟

سوال نمبر8: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خلافت پر کن کے کہنے سے مامور ہوئے؟

سوال نمبر9: بعث کی حکمت کی کوئی ایک وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر10: شفاعت مصطفیٰ ﷺ پر صاحب کتاب بطور دلیل کونسی آیت لائے ہیں؟

سوال نمبر11: "یتکلم لا ککلامنا" غرض مصنف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر12: اللہ تعالیٰ کی صفت مشیئت بیان کیجئے۔

سوال نمبر13: رسول اللہ ﷺ کے بعد افضلیت میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا درجہ کون سا ہے؟

سوال نمبر14: عُجب کا ایمان پر کیا اثر ہوتا ہے؟

سوال نمبر15: کیا ایمان گھٹتا بڑھتا ہے؟

سوال نمبر16: کیا جنت اور دوزخ بنا دیئے گئے ہیں؟

سوال نمبر17: اللہ تعالیٰ کی صفت رضا کی کیفیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر18: منکر نکیر کے قبر میں سوالات سے متعلق مصنف کا کیا عقیدہ ہے؟

سوال نمبر19: آپ ﷺ کے بیٹے کتنے تھے؟ ہر ایک کا نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر20: وہ خرق عادت کام جو دشمنان خدا سے ظاہر ہوں انہیں کیا کہتے ہیں؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر1: عیسیٰ علیہ السلام کے حوالے سے نصاری کے مختلف اقوال کیا ہیں؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر2: مجوسیوں کے عقیدہ خیر و شر کے رد میں دو دلیلیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر3: اللہ تعالیٰ کی صفات کے اثبات میں تین وجوہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر4: عصمت انبیاء علیہم السلام پر جامع نوٹ سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر5: قرآنی آیات کے باہم تفاضل کو تفصیلا تحریر کیجئے۔

# مختصر سوالات

## عقیدہ 2024

س 1:- آسمان زمین وغیرہ

س 2:- اس بات پر کہ کسی شئے کا اپنے آپ کو بنانا/پیدا کرنا محال ہے۔

س 3:- ہر انسان اپنے اندر عبودیت کی محتاجی کو چاہتا ہے۔ اور وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ ربوبیت کے قہر و قوت کے تحت ہے۔ لہذا یہ بات یقیناً معلوم ہے کہ اس مملکتِ عظیم کا کوئی عظیم بادشاہ ہے اور وہ اللہ ہے۔

س 4:- اللہ بغیر باپ کے بھی انسان کو پیدا کرنے پر قادر ہے جس طرح اس نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا۔

س 5:- مجوسی

س 6:- آپ فرماتے ہیں کہ بندہ پر لازم ہے کہ اس پر ایمان لائے لیکن بغیر تشبیہ اور بغیر تعطیل و تاویل کے اور اس کا علم اللہ کے سپرد کر دے اور کہے کہ میں ایمان لایا اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پر اسی معنی کے ساتھ جس کا اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا۔

س 7:- حسد کی وجہ سے، حق کا انکار کرنے کی وجہ سے۔

س۸ = ان شوریٰ کی وجہ سے کہ جنہیں
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکم دیا تھا۔

س۹ = کیونکہ لوگ دنیا میں بہت اختلافات
میں مبتلا ہیں تو قیامت کے دن ان
کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔

س۱۰ = عسی أن یبعثک ربک مقاما محمودا۔

س۱۱ : مصنف علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ اللہ
کا کلام ہمارے کلام کی طرح نہیں ہے
کیونکہ ہمارا کلام حروف وغیرہ کا محتاج جبکہ
اللہ کا کلام ان سے پاک ہے۔

س۱۲ = اللہ پاک کی ایک صفت مشیئت بھی
ہے یعنی اس کارخانۂ عالم میں جو کچھ
بھی ہو رہا ہے اسی کی مشیت کی وجہ
سے ہو رہا ہے۔

س۱۳ = تیسرا جز

س۱۴ = خودپسندی عمل کے اجر کو باطل کر دیتی ہے
البتہ ایمان زائل نہیں ہوتا۔

س۱۵ = ایمان گھٹتا بڑھتا نہیں ہے۔

س۱۶ = جی ہاں

س۱۹ = اللہ کی صفت رضا بلا کیف ہے۔
س۲۰ = یہ حق ہے۔
س۲۱ = 3 بیٹے تھے۔ ① حضرت قاسم ② حضرت طاہر ③ حضرت ابراھیم (رضی اللہ عنھم)
س۲۲ = استدراج کہتے ہیں۔

طویل سوالات 2024

س۱ = ① بعض کہتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں۔
② بعض کہتے ہیں کہ اللہ ہی عیسیٰ ہیں۔
③ بعض کہتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام تین میں سے تیسرے خدا ہیں۔
وہ کہتے ہیں کہ تین ~~خدا~~ خدا کا مجموعہ ① اللہ ② عیسیٰ ③ مریم۔
معاذ اللہ

س۲ = ① انہیں تو خود اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے تو یہ کیسے خدا ہو گا۔
② سورج، چاند ستارے ان سب میں حادث ہونے کے دلائل موجود ہیں اور جو حادث ہو وہ خدا نہیں ہو سکتا۔

س 5 (1) اللہ کی صفات، صفات جمالیہ اور کمالیہ ہیں اللہ [illegible] کی کوئی بھی صفت ناقص نہیں اور اللہ کی صفات پر ایمان لانا لازم ہے۔
(2) ان صفات پر شریعت میں احادیث وارد ہیں اور قرآن کی آیتیں بھی ہیں۔
(3) ہر صفت پر اس کی دلیل کے ذریعے استدلال کرنا

س 6 = عصمت = هي قوة من الله تعالى في عبده تمنعه عن ارتكاب شيء من المعاصي والمكروهات مع بقاء الاختيار (دستور العلماء)
تمام انبیاء معصوم ہوتے ہیں یعنی ان میں سے کسی سے بھی صغیرہ گناہ بھی نہیں ہوتا۔
تمام انبیاء صغیرہ و کبیرہ سے پاک ہوتے ہیں اسی طرح کفر اور قبیح اشیاء سے بھی پاک ہوتے ہیں۔

ج = قرآن کی تمام آیات کلام کے اعتبار
سے فضیلت اور عظمت میں برابر ہے
لیکن یہ ہے کہ بعض آیتوں
کے اندر ذکر کی فضیلت بھی ہے اور مذکور
کی بھی - جیسے، آیۃ الکرسی - کیونکہ
اس میں اللہ کی جلالت وعظمت مذکور
ہے تو اس میں دونوں فضیلتیں جمع ہو گئی -